14/06/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی

دورہPM

وزیر اعظم نریندر مودی فرانس اور سلوواکیہ کے چھ روزہ سرکاری دورے پر نیس پہنچ گئے ہیں جہاں بھارتی برادری کے افراد نے اُن کا شاندار استقبال کیا۔ وزیراعظم مودی نے ان سے پُرتپاک انداز میں ملاقات کی۔

کے ساتھ " Emmanuel Macron نریندر مو دی آج فرانس میں وہاں کے اپنے ہم منصب بھارت انوویٹس‘‘کا افتتاح کریں گے۔

دورے کے دوران وہ کے صدر سے باہمی مفادات کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے اجلاس میں بھی شرکت کریں گے ۔G7 ۔وزیر اعظم 16 اور 17 جون کو فرانس میں

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہےکہ مہامنا پنڈت مدن موہن مالویہ نظریہ کے مطابق جمونو کشمیر میں خواتین کو با اختیار بنانے سماجی ہم آہنگی اور ترقی کے نئے راستے کھلیں ہیں۔

وہ کشمیر یونیورسٹی میں " مالویہ کے نظریے کی مناسبت سے وکست بھارت اور جموں کشمیر‘‘کے موضوع پر منعقدہ ایک نشست میں خاص مہمان کی حیثیت سے خطاب کررہے تھے۔

اس موقعے پر ایل جی نے اپنی تقریر میں قوم اور ملک کی تعمیر مینپنڈٹ مدن موہن مالویہ کے رول کو اُجا گر کیا۔

...........LG...........

منوج سنہا

ادھرلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کشمیری پنڈت برادری سے کہا ہے کہ وہ جموں کشمیر میں صنعتی ، تعلیمی اور ثقافتی ادارے قائم کریں تاکہ ان کی بے مثال ثقافت اور تاریخ محفوظ ہو سکے ۔

سرینگر میں گلوبل کشمیر ی پنڈت کنکلیو سے خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے یہاں سے SKICC بے دخل کئے گئے لوگوں کی واپسی کو نہ صرف خوش آئندہ قرار دیا بلکہ اس سے ایک فتح سے بھی تعبیر کیا۔

بیٹی بچاؤ

مرکزی سرکار کی فلیگ شپ مہم "بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ" کے حوصلہ افزا ءنتائج بر آمد ہوئے ہیں اور اس اسکیم کی بدولت ملک میں بچیوں کو با اختیار بنانے میں کافی مدد ملی ہے ۔

ملک میں جنسی تفاوت کے مد نظر سال 2015میں یہ اسکیم شروع کی گئی تھی ۔

سکینہ ایتو

وزیر صحت سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سرکار شری امر ناتھ جی یاترا پر آنے والے شردھالوں کو ہر طرح کی طبی سہولت فراہم کرنے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوننے اس سلسلے میں مختلف محکموں کو قریبی تال میل کیساتھ کام کرنے کی ہدایت دی ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

............Sakeena........

جا وید رانا

جل شکتی کے وزیر جا ویداحمد رانا نے زیر زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی اور بارشوں کے متوقع رجحانات پر تشویش کا اظہار کر تے ہوئے تمام نئی تعمیر ہونے والی سرکاری عمارتوں میں بارش کا پانی جمع کرنے کا بنیادی ڈھانچہ لازمی طور پر نصب کرانے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

وزیر موصوف نے پانی کے انتظام کے طریقوں میں تبدیلی اور اس حکم نامے پر عمل در آمد کرنے کی تاکید کی ہے۔

وہ جموں میں جل شکتی محکمے کے افسران کے ساتھ گرمی کے موسم کی ضروریات سے نمٹنے کےلئے شروع کئے گئے اقدامات کا جائزہ لے رہے تھے۔

ناظم تعلیم

ناظم تعلیم کشمیر نے ایک حکم نامہ جا ری کیا ہے جس میں تمام سرکاری اور پرائیویٹ سکولوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ محرم کے پیش نظر23جون سے27جون کے درمیان سکولوں میں کسی قسم کا امتحان منعقد نہ کریں۔

طیارہ حادثہ

کو ایک حادثہ پیش آیا AN-32آسام کے جور ہاٹ ہوائی سٹیشن پر کل بھارتی فوج کے طیارے جس کے نتیجے میں بھارتی فضائیہ کے5اہلکار جاں بحق ہوئے۔

ائر فورس کی جانب سے جا ری کئے گئےایک بیان میں ان اہلکاروں کی ہلاکت کی تصدیق کی گئی ہے۔ فضائیہ نے حادثے پر رنج و غم کا اظہار کر تے ہوئے سوگوار کنبوں سے گہری تعزیت ظاہر کی ہے۔ حادثے میں ایک پائلٹ زندہ بچ گیا ہے جس کا علاج جاری ہے۔

عالمی دن

آج خون کے عطیے کا عالمی دن ہے ۔ اس سلسلے میں آج وادی میں بھی متعدد رضاکار اور صحت تنظیموں کی جانب سے بلڈ ڈونیشن کیمپوں کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

آج کے دن لوگوں کو انسانی بقاءکےلئے خون کا عطیہ دینے کےلئے راغب کیا جاتا ہے اور دوسری طرف اُن لاکھوں رضاکاروں کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے ، جو بنا کسی معاوضے کے دوسروں کےلئے خون کا عطیہ دیتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ22 اعشاریہ5ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

.......................................

........................